پریس ریلیز

گوجرانوالہ 05 اکتوبر 2023ء

ڈائریکٹر ٹیوٹا راہوالی کینٹ موٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ خواجہ محسن تنویر نے کہا کہ ہمارے پاس گاڑیوں کی بہترین سروس کیلئے ٹرین اور اعلیٰ کوالیفائڈ سٹاف موجود ہے جو گاڑیوں کے مکینیکل، ڈینٹنگ پینٹنگ، جنرل ایشوز، اے سی و ہیٹر وغیرہ کا کام انتہائی مہارت سے سرانجام دے رہے ہیں۔ گاڑیوں کا کام مکمل تسلی بخش کرانے کیلئے ہماری خدمات حاصل کریں۔ انہوں مزید کہا کہ ہم گاڑیوں کی سروسز پر گوجرانوالہ چیمبر کے تمام ممبران کو خصوصی ڈسکاؤنٹ آفر کر رہے ہماری گزارش ہے کہ تمام ممبران اس ڈسکاؤنٹ آفر سے بھرا استفادہ حاصل کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور ٹیوٹا راہوالی کینٹ موٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ کے مابین ایک مفاہمی یاد داشت کی تقریب میں شرکاء سے خطاب کے دوران کیا۔ جبکہ اس تقریب کی صدارت چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کی۔ اس موقع پر سینئر نائب حمیس گلزار مغل، نائب صدر عادل ندیم، اراکین مجلس عاملہ سابق صدور اخلاق احمد بٹ، خواجہ ضرار کلیم، سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل، سابق نائب صدر محمد انور اسلم کے علاوہ بزنس کمیونٹی کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

صدر چیمبر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ یہ بہت خوش آئند بات ہے کہ ٹیوٹا راہوالی کینٹ موٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ نئی اصلاحات کر کے ممبران کو گاڑیوں کے حوالے سے اپنی سروسز مہیا کر رہے ہیں۔ ٹیوٹا راہوالی کینٹ موٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ

نے بزنس کمیونٹی کیلئے گاڑیوں کی سروس کیلئے جو ڈسکاؤنٹ آفر کی ہے بڑی زبردست ہے ممبران سے سہولت سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ امید کہ آج کی اس مفاہمتی یادداشت کے سائن کرنے سے دونوں اداروں کے مابین روابط کو تقویت ملے گی۔